# AKASHVANI NEWS SRINAGAR

**Text of Urdu news Bulletin**
**Date : 20 August 2026**
**Time : 09:25 / AM**

**Opening**

آداب
یہ آکاشوانی سرینگر ہے۔
خبروں کا بلیٹن لیکر میں بصارت گل۔

ایل جی

لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے صنعت کاروں اور دیگر کلیدی سٹیک ہولڈروں پر زور دیا کہ وہ دہشت پسندی اور رشوت خوری سے پاک ترقی یافتہ سماج وجود میں لانے میں اپنا رول ادا کریں۔جموں میں کل **ICC-MSME** کنکلیو **2026** کے دوسرے شمارے سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے ملک کے اقتصادی منظر نامے میں **MSME** اور نینو گلوبل **Capabality** مراکز کے بڑھتے رول کو اجاگر کیا۔انہوں نے کہا کہ انتہائی چھوٹے، چھوٹے اور درمیانہ درجے کے کارخانے روزگار پیدا کرنے نیز برآمدات کو تقویت بخشنے میں بھی مددگار ثابت ہو رہے ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ جموں وکشمیر میں پورے ملک مجموعی مثبت تبدیلی کی ایک عظیم مثال کے طور ابھر کر سامنے آیا ہے۔

ایل جی جموں

لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے ایک شمولیاتی سماج وجود میں لانے میں مجموعی تعلیمی منظر نامے کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ سائنس اور ٹیکنالوجی کو فروغ دینے کے ساتھ ساتھ تعلیمی اداروں میں سپورٹس، آرٹس، لیٹریچر، **Debates** اور ثقافتی سرگرمیوں کو دوام بخشنے کی طرف بھی توجہ دی جانی چاہئے۔جموں میں کل شری ماتا ویشنو دیوی یونیورسٹی کے **23** ویں یوم تاسیس تقریبات سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا

کہ یہ یونیورسٹی علم،اختراعیت اور سماجی ذمہ داری کے ایک اہم مرکز کے طور پر ابھر کر سامنے آرہی ہے۔انہوں نے تدریس اور تحقیق کے شعبوں میں یونیورسٹی کی حصولیابیوں کی ستائش کی۔

----**V/O**-----

ایل جی ملاقات

جموں یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر امیش رائے کی قیادت میں یونیورسٹی کے شعبہ جات کے سربراہان ، اساتذہ اورعہدیداران کے ایک وفد نے جموں میں لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا سے ملاقات کی۔ملاقات کے دوران انہوں نے ادارے کی ترقی،تعمیراور مستقبل میں تعلیمی توسیع سے متعلق اہم امور پر تبادلہ خیال کیا۔اس موقعے پر ایل جی نے یونیورسٹی کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے یونیورسٹی کو معاشرے اور قوم کیلئے بامقصد خدمات کی فراہمی کا سلسلہ جاری رکھنے پر زور دیا۔دریں اثناء بی جے پی کے ترجمان ایڈوکیٹ **Ankur Sharma** بھی ایل جی سے ملاقی ہوئے۔

سی ایم ملاقات

بھارت میں امریکہ کے سفیر **Sergio Gor** نےکل سرینگر میں وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کے ساتھ ملاقات کی۔اس دوران انہوں نے متعدد امور پر سیر حاصل تبادلہ خیال کیا۔وزیر اعلیٰ نے امید ظاہر کی کہ بھارت اور امریکہ کے درمیان دوطرفہ رشتے مزید مضبوط ہونگے اور اس کے مثبت اثرات جموں وکشمیر پر بھی پڑیں گے۔انہوں نے سیاحت ہارٹیکلچر اور دیگر شعبوں میں شراکت داری کو مزید مستحکم کرنے پر زور دیا۔امریکی سفیر نے وزیر اعلیٰ کے ساتھ ہوئی بات چیت کو فائدہ بخش قرار دیتے ہوئے کہا کہ جموں وکشمیر قدرتی خوبصورتی کے تمام وسائل سے مالا مال ہے۔انہوں نے کہا کہ سیاحت کے شعبے میں وسائل کو بروئے کارلانے میں امریکہ تمام امکانات تلاش کرے گا۔

چیف سیکرٹری

چیف سیکرٹری اٹل ڈلو نےکل سرینگر میں ایک میٹنگ کے دوران حکمرانی کے عمل کو بہتر بنانے کیلئے سینٹر فار انوویشن اینڈ ٹرانسفارمیشن کے مستقبل کے نقش راہ اور اس سے جڑے دیگر امور کا جائزہ لیا۔چیف سیکرٹری نے یوٹی میں ایک سپیشل **Purpose Vehicle** قائم کرنے کی ضرورت پر زوردیا کہ تاکہ پبلک

پرائیویٹ پارٹنر شپ پروجیکٹوں کی نگرانی نیز ترقیاتی عمل کو تقویت بخشی جائے۔اس موقعے پر CITaG کے سی ای او ڈاکٹر سندیپ نے جموں وکشمیر کے مختلف محکموں کے ساتھ ادارہ جاتی شراکت داری کے تحت پیش رفت کا خاکہ پیش کیا۔

سدبھاؤنا

آج سدبھاؤنا دوس ہے ۔یہ دن ملک کے سابق وزیر اعظم راجیو گاندھی کے جنم دن کی یاد میں منایا جاتا ہے۔آج ملک بھر میں راجیو گاندھی کو خراج عقیدت پیش کرنے کیلئے کئی تقریبات کا اہتمام ہورہا ہے جس دوران ملک کے تئیں ان کی خدمات اور عظیم قربانی کو اجاگر کیا جارہا ہے۔

عید میلاد

صوبائی کمشنر کشمیر انشل گرگ نے کل سرینگر میں ایک میٹنگ کے دوران عید میلادُ النبی ﷺ کے سلسلے میں آثار شریف درگاہ حضرتبل، جناب صاحب صورہ، آثار شریف شہری کلاشپورہ، اہم شریف بانڈی پورہ اور وادی کی دیگر مساجد، زیارت گاہوں اور بقعہ جات میں زائرین کیلئے کیئے جارہے انتظامات کا جائزہ لیا۔انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت دی کہ وہ زائرین کیلئے بجلی، پانی، صفائی ستھرائی، طبی نگہداشت اور ٹرانسپورٹ کے معقول انتظامات مکمل کریں۔دریں اثناء عید میلاد النبی ﷺ کے سلسلے میں ایام متبرکہ جاری ہیں اور آثار شریف درگاہ حضرتبل سمیت دیگر مذہبی مقامات پر ختمات المعظمات اور نعت ومناجات کی مجالس منعقد کی جارہی ہیں۔واضح رہے کہ عید میلاد النبی ﷺ کی تقریب سعید 12 ربیع الاول یعنی 26 اگست کو تزک واحتشام کے ساتھ منائی جائے گی۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 21 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 23 اعشاریہ 8 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

## Closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔